# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 31 August 2024

Time : 09.00 to 09.10 AM

## آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۳۱/اگست ۲۰۲۴ء

وقت:09.00 سے 09.10/بجے

***** ***** *****

سب سے پہلے خاص خبروں کی سرخیاں

☆ وزیرِاعظم نے رکھا ایشیاء کی سب سے بڑی بندرگاہ ' واڈھوَن' کی تعمیر کا سنگِ بنیاد ' حال ہی میں چھترپتی شیواجی مہاراج کا مجسمہ گرنے پر معافی بھی مانگی

☆ مرکزی وزیر نتن گڈکری نے ملک سے پیٹرول اور ڈیزل کا استعمال ختم کرنے کا کیا عہد

☆ اِس بار گنیش اُتسو کے دوران POP کی مورتیوں پر پابندی نہیں ' تاہم عدالت نے انتظامیہ کو بروقت پالیسی ساز فیصلے کرنے کی دی ہدایت

اور

☆ پیرس پیرالمپک مقابلوں میں بھارت کو کُل 4/تمغے ' نشانے باز اَونی لیکھرا نے سونے کا تمغہ جیتا

اب خبریں تفصیل سے...

وزیرِاعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ مرکز کی این ڈی اے حکومت اور ریاست کی مہایوتی حکومت مہاراشٹر کو نئی بلندیوں تک لے جانے کے لیے پُرعزم ہے ۔ پالگھر ضلع میں 76/ہزار کروڑ روپیوں کے خرچ سے تعمیر ہونے والی بندرگاہ واڈھ ون کا سنگ بنیاد کل وزیرِاعظم نے رکھا ۔ اِس تقریب میں انھوں نے یہ بات کہی ۔ اِس موقع پر وزیرِاعظم نے شیواجی مہاراج کے قدموں میں سر جُھکا کر سِندھو دُرگ ضلعے کے راجکوٹ میں مہارج کے مجسمے کے حادثے پر معافی مانگی ۔

واڈھوَن یہ ایشیاء کی سب سے بڑی بندرگاہ ہوگی ۔تعمیر کے بعد اِس کا شمار دنیا کی 10/بڑی بندرگاہوں میں ہوگا ۔ یہ بندرگاہ کم از کم 12/لاکھ روزگار پیدا کرے گی ۔ توقع ہے کہ ملک کی تمام بندرگاہوں سے زیادہ کنٹینرز اس بندرگاہ کے ذریعے مال برداری کریں گے ۔

وزیرِاعظم نے اِس یقین کا اظہار کیا کہ پالگھر ضلع کا دِگھی صنعتی علاقہ چھترپتی شیواجی مہاراج کے خوابوں کی تعبیر ہوگا ۔ انھوں نے مہاراشٹر میں مختلف شعبہ جات میں خواتین کی قیادت کی ستائش کی ۔ وزیرِاعظم نے کل مچھلی پالن کی 218/اسکیمات سمیت مختلف اسکیمات کا افتتاح کیا ۔ انھوں نے بتایا کہ بھارت آج مچھلی پیدا کرنے والا دوسرا سب سے بڑا ملک بن گیا ہے ۔ اِس موقع پر وزیرِاعظم نے مقامی ماہی گیروں میں ٹرانسپونڈر نامی آلات تقسیم کیے ۔ کشتیوں پر اِن آلات کی تنصیب سے مواصلاتی نظام کو قائم کرنا آسانی سے ممکن ہوگا ۔ اِسرو کی جانب سے تیار کردہ یہ آلات ایک لاکھ کشتیوں پر نصب کیے جانے کا ہدف ہے ۔تقریب کے دوران ماہی گریوں میں کسان کریڈٹ کارڈس بھی تقسیم کیے گئے ۔

اِسی بیچ کل وزیراعظم مودی نے ممبئی کے جیو کنوینشن سینٹر میں عالمی فِن ٹیک فیسٹ کا افتتاح بھی کیا۔انھوں نے بتایا کہ بھارت میں 50 ؍فیصد سے زیادہ لین دین ڈیجیٹل طریقے سے ہوتا ہے ۔مودی نے کہا کہ بھارت کا UPI ایپ فِن ٹیک کی بہترین مثال ہے ۔انھوں نے بتایا کہ فِن ٹیک یعنی فائنانشل ٹیکنالوجی کی مدد سے رشوت خوری پر قابو پایا گیا ہے ۔

***** ***** *****

قانون ساز کونسل میں حزب اختلاف کے رہنما امباداس داونے نے کہا ہے کہ شیواجی مہاراج کے مجسمے کے حادثے پر کوئی معافی نہیں ہے ۔ انھوں نے تنقید کی کہ معافی مانگنے کے لیے بھی کافی دیر کی گئی ۔

دریں اثناء رکن پارلیمان سنجئے راوت نے کل مالون میں حادثے کے مقام کا دورہ کیا اور کہا کہ حکومت مجسمے کے گرنے میں حادثے کے مقام کا دورہ کیا اور کہا کہ حکومت مجسمے کے گرنے کا الزام بحریہ پر لگا کر اپنی ذمہ داری سے پیچھے ہٹ رہی ہے ۔

***** ***** *****

مالون کے راجکوٹ قلعے میں چھترپتی شیواجی مہاراج کی مورتی گرنے کے معاملے میں پولس نے چیتن پاٹل کو گرفتار کیا ہے ۔ میسرس آرٹسٹ نامی جس کمپنی کو یہ مجسمہ بنانے کا ٹھیکہ دیا گیا تھا۔چیتن پاٹل اِس کے صلاح کار کے طور پر کام کرتا تھا۔چیتن پاٹل اِس کے صلاح کار کے طور پر کام کرتا تھا۔اِس کمپنی کا مالک اور مجسمہ ساز جئے دیپ آپٹے اب تک فرار ہے۔

***** ***** *****

وزیراعلیٰ ایکناتھ شندے نے کہا ہے کہ ریاستی حکومت کو بحری فوج کی جانب سے راجکوٹ میں چھترپتی شیواجی مہاراج کا شاندار مجسمہ تیار کیا جائے گا۔وزیراعلیٰ کے ہاتھوں کل ناسک ضلع کے ناندگاؤں میں شیوسرشٹی کو عوام کے نام وقف کیا گیا۔اِس موقع پر وزیراعلیٰ نے یہ وعدہ کیا۔

***** ***** *****

زمینی حمل ونقل کے مرکزی وزیر نتن گڈکری نے ملک سے پیٹرول اور ڈیزل کے استعمال کو ختم کرنے کے عزم کا اظہار کیا ہے ۔ وزیر موصوف کل امراوتی میں ڈرائیونگ کے ایک تربیتی مرکز کے افتتاح کے موقع پر بول رہے تھے ۔انھوں نے کہا کہ جلد ہی ڈرائیورس کے لیے دِن بھر میں صرف 8 ؍گھنٹے گاڑی چلانے کا اُصول ہوگا۔

***** ***** *****

مرکزی حکومت نے وظیفہ یاب ملازمین کے لیے ایک آسان درخواست دہی فارم جاری کیا ہے بھوشیہ پورٹل کو بھی ڈیجیٹل طور پر e-HRMS کے ساتھ مربوط کیا گیا ہے۔اِس سے پینشن کی تقسیم کا عمل آسان ہو جائے گا۔

***** ***** *****

وقف آئینی ترمیمی بل 2024ء کے مطالعے کی خاطر تشکیل کی گئی مشترکہ پارلیمانی کمیٹی کا کل نئی دِلّی میں اجلاس ہوا۔موصولہ خبروں میں بتایا گیا ہے کہ اِس موقع پر ممبئی کی آل اِنڈیا سُنی جمیعتہ العلماء تنظیم کے نمائندوں نے اپنی رائے پیش کی ۔

***** ***** *****

اِس بار گنیش اُتسو میں پلاسٹر آف پیرس POP کی مورتیوں پر فی الحال پابندی کو ملتوی کر دیا گیا ہے۔ اِس خصوص میں کل درخواست کی سماعت چیف جسٹس دیویندر کمار اُپادھیائے اور جسٹس امت بورکر کی بینچ کے روبرو عمل میں آئی۔ گنیش اُتسو صرف چند دِن دور ہے۔ اِس لیے POP کی مورتیوں پر پابندی فی الحال لگائی نہیں جاسکتی تاہم ہائی کورٹ نے ریاستی حکومت کو مرکزی آلودگی بورڈ 2020ء کے رہنما خطوط پر عمل کرنے کا حکم دیا ہے۔ عدالت نے ریاستی حکومت سمیت تمام میونسپل کارپوریشنز کو POP سے متعلق پابندی کی تعمیل کے لیے گئے اقدامات کے بارے میں حلف نامہ جمع کرنے کا حکم دیا ہے۔ عدالت نے حکومت کو اِس حوالے سے پالیسی ساز فیصلے بروقت کرنے کی بھی ہدایت دی۔

***** ***** *****

## یہ خبریں آ کا شوانی چھترپتی سنبھاجی نگر سے نشر کی جا رہی ہیں

***** ***** *****

ناندیڑ ضلع کے دیگلور اسمبلی حلقے سے کانگریس کے رکن اسمبلی جتیش انتاپورکر نے استعفیٰ دے دیا اور بھارتیہ جنتا پارٹی میں شمولیت اختیار کر لی۔ انھوں نے کل اپنا استعفیٰ راہل نارویکر کو سونپ دیا۔ جس کے بعد شام میں نائب وزیر اعلیٰ دیویندر پھڑنویس اور رکن پارلیمان اشوک چوہان کی موجودگی میں وہ بی جے پی میں شامل ہو گئے۔ بی جے پی کے ریاستی صدر چندر شیکھر باون کُرے نے پارٹی میں انتاپورکر کا خیر مقدم کیا۔

***** ***** *****

بھارت نے کل پیرس پیرالمپک کھیلوں میں ایک سونے کا ، ایک چاندی کا اور 2/ کانسے کے تمغے جیتے۔ 10/ میٹر ایئر ریفائل اسٹینڈنگ SH1 زمرے میں بھارت کی اَونی لیکھرا نے سونے کا تمغہ جبکہ مورنا اگروال نے کانسے کا تمغہ جیتا۔ اونی ، پیرالمپک کھیلوں میں مسلسل دوسری بار طلائی تمغہ حاصل کرنے والی پہلی خاتون کھلاڑی بن گئی ہے۔ وہیں منیش نار وال نے مردوں کے 10/ میٹر ایئر پسٹل HS1/ زمرے میں چاندی کا تمغہ حاصل کیا۔ اِسی طرح پریتی پال نے خواتین کے 100/ میٹر مقابلے میں کانسے کا تمغہ جیتا۔

***** ***** *****

چھترپتی سنبھاجی نگر کے ضلع کلکٹر دلیپ سوامی نے کہا ہے کہ خواتین کے بچت گروپوں کو اگر مالزمی دوکانیں نہیں فراہم کی جائیں تو اُن کی مصنوعات کو بازار ملے گا اور صارفین کو بہترین مصنوعات۔ سوامی کل کلکٹر دفتر میں لکھپتی دیدی اسکیم سے متعلق میٹنگ میں بول رہے تھے۔

اِسی بیچ گنیش اُتسو کے پس منظر میں کل محصول اور پولس انتظامیہ کی مشترکہ جائزاتی میٹنگ کا انعقاد کیا گیا۔ اِس موقع پر کلکٹر سوامی نے اِس یقین کا اظہار کیا کہ اگر بات چیت ، تال میل اور احتیاطی کارروائی پر عمل کیا گیا تو اِس بار کا گنیش اُتسو خوش گوار ہوگا۔

***** ***** *****

مہاسوراجیہ مہم کے تحت کلکٹر ابھجیت راوَت کے ہاتھوں کل ناندیڑ کے خانہ بدوش قبائل کے درمیان راشن کارڈس ' ذات اور رہائش کے صداقت نامے تقسیم کیے گئے۔ اِس موقع پر کلکٹر ابھجیت راوَت نے کہا کہ خانہ بدوشوں کو مرکزی دھارے میں شامل کرنے کے لیے سب کی جانب سے کاوش کی جانی چاہیے۔

***** **** *****

جالنہ کے کلکٹر ڈاکٹر شری کرشن پانچال نے ضلع کے تمام اسکولوں کے احاطوں میں فوری طور پر سی سی ٹی وی کیمروں کی تنصیب کرنے کی ہدایت دی ہے۔ پانچال کل طلباء کے حفاظتی اقدامات کے حوالے سے منعقدہ ورک شاپ میں بول رہے تھے۔ انھوں نے کہا کہ اسکولوں میں سیلف ڈفینس کے ساتھ ساتھ گڈ ٹچ اور بیڈ ٹچ کا بھی سبق دیا جانا چاہیے۔ اُنھوں نے اِس موقعے پر خبردار کیا کہ اگر پرنسپل نے جان بوجھ کر اسکولوں میں کسی بھی ناخوش گوار واقعے کو نظر انداز کیا تو قانونی کارروائی کی جائے گی۔

***** **** *****

چھترپتی سنبھاجی نگر ضلعے کے پیٹھن میں واقع جائیکواڑی آبی منصوبے میں پانی کا ذخیرہ کم وبیش 81 / فیصد ہو چکا ہے۔ اِسی دوران اِس آبی منصوبے کی دائیں نہر سے کل ماجل گاؤں ڈیم کے لیے 100 / مکعب فیٹ فی سیکینڈ کی رفتار سے پانی چھوڑا گیا۔ وہیں دھاراشیو ضلع کا تیرنا آبی منصوبہ بھی لبالب بھر چکا ہے۔

***** **** *****

محکمہ موسمیات کے ریاستی مرکز نے جالنہ ضلعے میں آج سے 3/ ستمبر تک Yellow Alert جاری کیا ہے۔ اِس دوران چند مقامات پر بجلی کی چمک اور طوفانی ہواؤں کے ساتھ ہلکی سے اوسط درجے کی بارش ہونے کا امکان ہے۔ لہذا شہریان سے محتاط رہنے کی اپیل کی گئی ہے۔۔

***** **** *****

آخر میں خبروں کی سرخیاں ایک بار...

- ☆ **وزیر اعظم نے رکھا ایشیاء کی سب سے بڑی بندرگاہ ' واڈھوَن' کی تعمیر کا سنگِ بنیاد ' حال ہی میں چھترپتی شیواجی مہاراج کا مجسمہ کے گرنے پر معافی بھی مانگی**
- ☆ **مرکزی وزیر نتن گڈکری نے ملک سے پیٹرول اور ڈیزل کا استعمال ختم کرنے کا کیا عہد**
- ☆ **اِس بار گنیش اُتسو کے دوران POP کی مورتیوں پر پابندی نہیں ' تاہم عدالت نے انتظامیہ کو بروقت پالیسی ساز فیصلے کرنے کی دی ہدایت**

**اور**

- ☆ **پیرس پیرالمپک مقابلوں میں بھارت کو کُل 4 / تمغے ' نشانے باز اَونی لیکھرا نے سونے کا تمغہ جیتا**

**علاقائی خبریں ختم ہوئیں**